محاورات

لغت کی رُو سے محاورہ آپس میں گفتگو اور بات چیت کرنے کو کہتے ہیں مگر اہلِ زبان کی اصطلاح میں محاورہ دو یا دو سے زیادہ ایسے الفاظ کے مجموعے کو کہتے ہیں جو ''لغوی معنوں'' کے بجائے ''مجازی معنوں'' میں استعمال ہو یعنی اِس کا مفہوم اپنے اصل مطلب سے مختلف ہوتا ہے۔

نمبر شمار	محاورات	معانی
۱	آنکھوں کا تارا ہونا	بہت لاڈلا ہونا
۲	بے پر کی اُڑانا	افواہیں پھیلانا
۳	رال ٹپکنا	مُنہ میں پانی بھر آنا
۴	بھانڈا پھوڑنا	راز فاش کر دینا
۵	سورج کو چراغ دکھانا	دانا کو دانائی کی بات بتانا
۶	دم بھرنا	تعریف کرنا
۷	پاپڑ بیلنا	مصیبت برداشت کرنا
۸	پہاڑ ٹوٹ پڑنا	مصیبت آنا
۹	ٹھوکریں کھانا	مشکلات برداشت کرنا
۱۰	پھونک پھونک کر قدم رکھنا	بہت احتیاط کرنا

نوٹ: ٹیکسٹ بک کی پڑھائی کے دوران بھی محاورات کی نشاندہی کروائی جائے۔

The City School